57 Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد




## زخمی نیمار ٹریننگ سے باہر

سینٹوس نے اعلان کیا ہے کہ فٹنس دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کرنے والے فارورڈ نیمار پٹھوں کی انجری کے باعث ٹریننگ سے باہر ہوگئے ہیں۔ برازیل کے آل ٹائم ٹاپ اسکورر ۳۳ سالہ نیمار نے جمعرات کو اپنی دائیں ران میں درد کی وجہ سے ٹریننگ سے دستبرداری اختیار کرلی۔ بعد کے معائنے میں ریکٹس فیمورس پٹھوں میں چوٹ کی تصدیق ہوئی۔ (تفصیلات اندر)



## اکشر پٹیل زخمی کھیلنا مشکوک

اکشر پٹیل اتوار کو پاکستان کے خلاف ہندوستان کے سپر فور میچ سے محروم ہوسکتے ہیں۔ ابوظہبی میں عمان کے خلاف گروپ اے کے میچ میں فیلڈنگ کے دوران ان کے سر پر لگی تھی۔ اکشر ۱۵ویں اوور میں انجری کا شکار ہوئے۔ حماد مرزا کا کیچ لینے کے لیے ڈیپ مڈ آف سے بھاگتے ہوئے اپنا توازن کھو بیٹھے اور سر زمین پر ٹکرا کر گر گئے۔ (تفصیلات اندر)


جلد نمبر 57 | Sunday 21st September 2025 | ۲۱ ستمبر ۲۰۲۵ بروز اتوار بمطابق ۲۷ ربیع الاول ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 259 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net


## اُدھم پور میں معرکہ آرائی کے دوران ایک فوجی جوان جان بحق، تلاشی جاری


### ہفتے کی صبح سویرے دوبارہ بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کیا گیا

سرینگر/ یواین آئی/ دفاعی ذرائع نے خبر رساں ایجنسی کو بتایا کہ جمعے کی شام سیکورٹی فورسز نے کانجی علاقے کو محاصرے میں لے کر جوں ہی تلاشی مہم شروع کی تو وہاں چھپے دہشت گردوں نے اچانک اندھا دھند فائرنگ کی۔ فورسز نے جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں کافی دیر تک دوبدو گولیوں کا تبادلہ جاری رہا۔ ابتدائی فائرنگ کے دوران تین فوجی اہلکار زخمی ہوئے اگرچہ انہیں علاج ومعالجہ کی خاطر فوری طور پر/12

### LG نے بہادر فوجی اہلکار

### بلدیو چند کو خراج عقیدت پیش کیا

لیفٹیننٹ گورنر مسٹر منوج سنہا نے بہادر فوجی اہلکار لانس ڈفادار بلدیو چند کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جنہوں نے اودھمپور کے کانجی میں دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشنز میں اپنی/13





## 7 اضلاع میں 8 مقامات پر چھاپے، اور تلاشیاں قابل اعتراض مواد ضبط

### سرینگر، بارہمولہ، اننت ناگ، کپواڑہ، ہندواڑہ، پلوامہ اور شوپیان شامل

سرینگر/ سی این آئی/ ملی ٹنسی کیس کے سلسلے میں تحقیقاتی عمل کو آگے بڑھاتے ہوئے کاؤنٹر انٹیلی جنس کشمیر (سی آئی کے) نے 7 اضلاع میں 8 مقامات پر چھاپے ڈال کر تلاشیاں لیں جس دوران قابل اعتراض مواد بھی ضبط کر لیا گیا۔ سی این آئی کے مطابق کاؤنٹر انٹیلی جنس کشمیر (سی آئی کے) نے ملی ٹنسی سے متعلق جاری تحقیقات کے سلسلے میں وادی کے سات اضلاع میں آٹھ مقامات پر تلاشی لی۔ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ چھاپے سرینگر، بارہمولہ، اننت ناگ، کپواڑہ، ہندواڑہ، پلوامہ اور شوپیان اضلاع میں بیک وقت مارے گئے۔ حکام نے بتایا کہ یہ تلاشیاں اس وقت شروع کی گئیں جب ایجنسی نے ایک قابل عدالت سے ملی ٹنسی کے مقدمے کی تفتیش کے سلسلے میں سرچ وارنٹ حاصل کیے تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ معاملہ کشمیر میں سرگرم عسکریت پسند نیٹ ورکس کے ساتھ بعض افراد کے مشتبہ گٹھ جوڑ سے متعلق ہے اور/11

## صنعتی گھرانوں کو جموں کشمیر میں سرمایہ کاری کرنی چاہیے/ لیفٹیننٹ گورنر

### صنعتی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا اور اس خطے کو باقی ہندوستان کے برابر لانا وزیر اعظم کی اولین ترجیح

### CII شمالی علاقائی کونسل کی چوتھی میٹنگ سے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا خطاب

سرینگر/ وزیر اعظم نریندر مودی کی اولین ترجیح جموں کشمیر میں صنعتی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا اور اس خطے کو باقی ہندوستان کے برابر لانا ہے،" لیفٹیننٹ گورنر، جناب منوج سنہا نے ہفتہ کو صنعتی رہنماؤں سے کہا۔ لیفٹیننٹ گورنر سری نگر میں سی آئی آئی کی شمالی علاقائی کونسل کی چوتھی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ گورنر نے کہا "ملک کی بڑی کمپنیوں، کارپوریٹ گھرانوں MSMEs کو یہ عہد کرنا چاہیے کہ جموں کشمیر کی صنعتی ترقی ان کی ذاتی ذمہ داری ہوگی۔ ملک کے صنعتی ماحولیاتی نظام کو آگے آنا چاہیے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کی تیزی سے صنعت کاری کی حمایت کرنی چاہیے۔ آج ملک کے سرکردہ صنعتی گھرانوں کو جموں کشمیر میں سرمایہ کاری کرنی چاہیے، اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کہ یہ ان کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ جموں کشمیر کی مکمل ترقی کو یقینی بنائیں"۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اپنے خطاب میں کاروباری رہنماؤں کی ان کے وژن اور رسائی کے لیے ان کی ستائش کی اور ان سے کہا کہ وہ ترقی یافتہ ہندوستان کے خواب کو پورا کرنے کے لیے مل کر کام کریں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا "دنیا نے ہندوستان پر بڑھتے ہوئے اعتماد کو ظاہر کیا ہے۔ اب، یہ صنعت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہماری ترقی کے عمل کو تیز تر اور زیادہ مسابقتی بنانے کے چیلنج کا مقابلہ کرے،" لیفٹیننٹ گورنر نے MSMEs کی پیداواری صلاحیت اور برآمدات کو بڑھانے اور اختراعی معیشت کو فروغ دینے کے لیے توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں وکشمیر/1





## ہندوستان کے تمام مسائل کی ایک ہی دوا، آتم نربھر بھارت/ وزیر اعظم

### چپس سے لے کر بحری جہاز تک، ہمیں سب کچھ بنانا ہوگا

سرینگر/ سی این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے "آتم نربھر بھارت" کیلئے ایک مضبوط موقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کا اصل دشمن دوسری قوموں پر انحصار ہے اور اس بات پر زور دیا کہ ملک کو چپس سے لے کر جہاز تک سب کچھ بنانا چاہیے۔ سی این آئی کے مطابق گجرات کے بھاونگر کے گاندھی میدان میں 'سمندر سے سمردھی' تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ہندوستان کا اصل دشمن دوسری قوموں پر انحصار ہے۔ انہوں نے کہا "حقیقی معنوں میں، ہندوستان کا دنیا میں کوئی بڑا دشمن نہیں ہے، ہندوستان کا واحد دشمن دوسرے ممالک پر انحصار ہے، ہمیں دوسروں پر اس انحصار کو شکست دینے کی ضرورت ہے، ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ ہم جتنا دوسروں پر انحصار کرتے ہیں، ناکامی کی شرح زیادہ ہوتی ہے۔" وزیر اعظم مودی نے کہا "چپس سے لے کر بحری جہاز تک، ہمیں سب کچھ بنانا چاہیے۔ امن، استحکام اور دولت کے لیے، دنیا میں سب سے زیادہ آبادی والے ملک کو خود انحصار بننا ہوگا۔" انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے تمام مسائل کی ایک ہی دوا ہے اور وہ ہے آتم نربھر بھارت۔ اس طرح کے انحصار کے مالی بوجھ کو بتاتے ہوئے مودی نے کہا کہ ملک دنیا بھر میں اپنا سامان بھیجنے کے لیے غیر ملکی فرم کو سالانہ 6 لاکھ کروڑ روپے ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا 'یہ ہمارے دفاعی بجٹ کے تقریباً برابر ہے۔' تقریباً 50 سال پہلے، ملک کی 40 فیصد تجارت ہندوستانی جہازوں کے ذریعے ہوتی تھی، لیکن اب یہ گھٹ کر صرف 5 فیصد رہ گئی ہے، وزیر اعظم نے نشاندہی کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ان کی حکومت نے بڑے بحری جہازوں کو/2



## لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما کی سرحد پر سپاہیوں کے ساتھ ملاقات

### مسلسل تیاری کے ذریعے دراندازی کے تمام عزائم ناکام بنائے جائیں گے



سرینگر/ یو این آئی/ فوج کی شمالی کمان کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے شمالی کشمیر کا دورہ کر کے سیکیورٹی صورتحال اور انسداد دراندازی کے گرڈ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دفاعی ترجمان کے مطابق، اس موقع پر انہوں نے لائن آف کنٹرول کے نزدیک تعینات دستوں کے ساتھ بات چیت کی اور آپریشنل تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل شرما نے دورے کے دوران کہا کہ بدلتے ہوئے حالات اور معاصر خطرات سے نمٹنے کے لئے فوج کی جانب سے نئی ٹیکنالوجیز کا استعمال ایک خوش آئند قدم ہے۔ انہوں نے/3

## سرینگر جموں نیشنل ہائے وے پر یک طرف ٹریفک برابر جاری

### سفر کرنے والوں سے افواہوں پر کان نہ دھرنے کی اپیل ہے/ ٹریفک حکام

سرینگر/ یواین آئی/ وادی کشمیر کو ملک کے ساتھ جوڑنے والی 270 کلومیٹر طویل سری نگر- جموں قومی شاہراہ پر یک طرفہ ٹریفک کی نقل وحمل جاری ہے اور آج گاڑیوں کو جموں سے سرینگر جانے کی اجازت ہے۔ ٹریفک حکام نے بتایا نگروٹہ جموں سے 10 بجے کے بعد کسی بھی چھوٹی گاڑی کو چلنے اجازت نہیں ہوگی اور کسی بھی چھوٹی گاڑی کو نویوگ ٹ ل/ ڈوڈہ، کشتواڑ اور رام بن سے جموں جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ قومی شاہراہ پر سفر کرنے کے لئے ٹریفک ایڈوائزری پر عمل کریں، لین ڈسپلن کے مطابق چلیں اور اوورٹیکنگ کرنے سے احتراز کریں نیز قومی شاہراہ پر غیر ضروری سفر کرنے سے پرہیز کریں۔ حکام نے بتایا کہ وادی کو جموں صوبے کے ساتھ جوڑنے والے مغل روڈ،/5

## سیب سے وابستہ کاروباری اس وقت مشکل دور سے گذر رہے ہیں/ رویندر رینہ

### حکومت سے اپیل کی کہ وہ کسانوں کا اس سال کا کے سی سی قرضہ معاف کرے

سرینگر/ یواین آئی/ بی جے پی جموں وکشمیر کے سابق صدر اور سینئر لیڈر رویندر رینہ کا کہنا ہے کہ کشمیر میں سیب سے وابستہ کاروباری اس وقت مشکل دور سے گذر رہے ہیں اور اس وقت سیاست کرنے کے بجائے ان کے ساتھ کھڑا رہنے اور ان کی مدد کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے جموں وکشمیر حکومت سے اپیل کی کہ وہ کسانوں کا اس سال کے سی سی قرضہ معاف کرے۔ موصوف سابق صدر نے ان باتوں کا اظہار ہفتے کو جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ کی فروٹ منڈی کا دورہ کرنے کے دوران نامہ نگاروں کے ساتھ/4



## صحت کے حوالہ سے جموں اور کشمیر ملک کا سب سے ترقی یافتہ علاقہ ہے/ LG

### اگروال آئی ہسپتال کا افتتاح کرنے کی تقریب پر پیش رفت پر اظہار مسرت





جموں/ یواین آئی/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ہفتے کو یہاں اگروال آئی ہسپتال کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ جموں اور کشمیر نے گزشتہ پانچ چھ برسوں کے دوران صحت کی دیکھ بھال میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں حکومتی اور نجی سیکٹروں میں طبی سہولیات بہتر ہو رہی ہیں۔ منوج سنہا نے کہا: 'صحت کے بنیادی ڈھانچے کو ترقی دینے میں، جموں اور کشمیر ملک کا سب سے ترقی یافتہ علاقہ ہے۔ 2019 تک، یہاں صرف چار میڈیکل کالجز تھے'۔/6

## وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا جموں وکشمیر میں سیاحت اور صنعتی ترقی پر زور

### سرینگر میں CII شمالی علاقائی کونسل 2025-26 کی چوتھی میٹنگ سے خطاب

سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں وکشمیر کی سیاحت کی کامیابی کی کہانی کو یکساں طور پر مضبوط صنعتی ترقی کے ساتھ پورا کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے صنعت کے رہنماؤں سے جموں وکشمیر کو ایک قابل عمل اور امید افزا سرمایہ کاری کی منزل کے طور پر دیکھنے کا مطالبہ کیا۔ سرینگر میں منعقدہ کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری (CII) ناردرن ریجنل کونسل 2025-26 کی چوتھی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعلیٰ نے اعتراف کیا کہ حالیہ مہینوں میں جہاں زیادہ تر توجہ سیاحت پر/8





## کسی بھی ایونٹ کیلئے ڈرون کے استعمال سے قبل اجازت ضروری

### ضلع پولیس اننت ناگ کی طرف سے ایڈوائزری کا اجرا اور انتباہ



سرینگر/ سی این آئی کے مطابق جنوبی ضلع اننت ناگ میں پیشگی اجازت کے بغیر ڈرون کی پرواز پر پابندی عائد کردی گئی ہے جس کیلئے پولیس نے ایڈوائزری جاری کردی ہے۔ عوامی تحفظ کے مفاد میں جاری کردہ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ افراد، اداروں، میڈیا کے عملے اور ایونٹ کے منتظمین کو ڈرون چلانے سے پہلے اچھی طرح سے اجازت لینا چاہیے۔ پولیس نے خبردار کیا کہ کسی بھی غیر مجاز پرواز پر متعلقہ قانونی دفعات کے تحت سخت کارروائی کی جائے گی اور اس طرح کے آلات کو ضبط کیا جا سکتا ہے۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ چوکس رہیں اور ڈرون کی کسی بھی مشکوک سرگرمی کی/7

## اپنے گھر پر اپنے ہاتھ میں بندوق کی گولی سے اپنا ہی خاتمہ

### وادی چناب کے کشتواڑ میں ولیج ڈیفنس گارڈ کی "خودکشی"، تحقیقات شروع

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق ضلع کشتواڑ کے بھٹکوٹ کے اکرانا گبتن علاقے میں سنیچر وار کی صبح ایک وی ڈی سی ممبر نے خود کو گولی مار کر ہلاک کردیا۔ پولیس کے ایک سنیئر عہدیدار نے بتایا کہ ولیج ڈیفنس گارڈ کے ایک رکن نے صبح اپنے گھر پر اپنی رائفل سے خود کو گولی ماری جس کے نتیجے میں اس کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ وی ڈی سی ممبر کی شناخت 45 سالہ ٹیک چند ولد پریم ناتھ ساکنہ اکرانا گبتانہ کے طور پر کی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی خبر ملتے ہی پولیس ٹیم موقعہ پر پہنچ گئی جنہوں نے نعش کو طبی لوازمات کی ادائیگی کیلئے تحویل میں لیا گیا جس کے بعد آخری رسومات کیلئے نعش لواحقین کے سپرد کردی گئی۔

## نیشنل کنزیومر ہیلپ لائن پر متوقع صارفین کے سوالات اور شکایات

### کشمیری زبان میں بھی استفسارات کئے جاسکتے ہیں/ وزارت

سرینگر/ ٹی ای این/ امور صارفین، خوراک اور عوامی تقسیم کی وزارت نے ہفتہ کو 22 ستمبر سے لاگو ہونے والے نظر ثانی شدہ جی ایس ٹی چارجز، شرحوں اور چھوٹ کے نفاذ کے بعد، نیشنل کنزیومر ہیلپ لائن پر متوقع صارفین کے سوالات اور شکایات کو سنبھالنے کے لیے آئی این جی آر اے ایم پورٹل پر ایک مخصوص زمرہ کو فعال کرنے کا اعلان کیا۔ وزارت کے تحت آنے والے صارفین کے امور کے محکمے نے جی ایس ٹی کونسل کی 56ویں میٹنگ کے دوران منظور شدہ جی ایس ٹی اصلاحات 2025 کے ساتھ نیشنل کنزیومر ہیلپ لائن کو ہم آہنگ کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا ہے۔ ہیلپ لائن اس شعبے کے تحت صارفین کی شکایات سے پیدا ہونے والے ڈیٹا اور بصیرت کو متعلقہ کمپنیوں، سی بی آئی سی اور دیگر متعلقہ حکام کے ساتھ بھی شیئر کرے گی تاکہ متعلقہ قوانین کے تحت/9

## سبزیوں کو خریدنا غریب گھرانوں کے بس کی بات نہیں

### بڑھتے ہوئے بھاؤ کو روکنے کی کوشش کرنے والا کوئی نظر نہیں آتا

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق پوری وادی میں بڑھتی ہوئی مہنگائی نے سنگین رخ اختیار کیا ہوا ہے ہر ہفتے کے بعد کھانے پینے کی چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے غریب طبقہ سے وابستہ کنبوں کے لوگ کھانے پینے کی چیزوں کی قوت سے محروم ہوتے جا رہے ہیں اور دو وقت کی روٹی بھی انہیں نصیب نہیں ہو پا رہی ہے۔ وادی کشمیر میں کسی بھی جگہ قصبوں یا دیہی علاقوں میں قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے کیلئے کارروائیاں عمل میں نہیں لائی جا رہی ہیں لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہو چکا ہے اور لوٹ کھسوٹ مچانے والوں کو جوابدہ بنانے کیلئے سرکاری مشینری پوری طرح سے غائب ہو چکی ہے جس کا خمیازہ عام شہریوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ کشمیر وادی کے اطراف واکناف میں سبزیوں کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں کھانے کے تیل، چائے، ہلدی، مرچ، مصالحہ جات، آٹا، صابوں، دالوں، دودھ،/10



